(Warehouse Receipt Financing)

تعارف

دنیا بھر میں جہاں غذائی اجناس کی پیداوار میں اضافہ اور تجارت سے متعلق بہت سے اقدامات کئے جا رہے ہیں وہاں اجناس کو گودام میں محفوظ کر کے اس کے عوض مالی معاونت کسانوں کو غذائی اجناس کی کاشت اور ان کی پیداوار کو ذخیرہ کر کے اچھے داموں فروخت کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ نیز اگلی فصل کی تیاری کیلئے درکار مالی وسائل کی فراہمی بھی یقینی بناتی ہے۔

اس اسکیم کے تحت کسان اپنی فصلوں گندم، چاول، مکئی، کپاس اور دیگر اجناس کو مقررہ لائسنس شدہ گوداموں میں رکھوا کر حاصل شدہ ویئر ہاؤس رسید کی ضمانت پر تھوڑی مدت کے قرضہ جات حاصل کر سکتے ہیں۔ فصلوں کو نقصان سے بھی بچایا جا سکتا ہے اور معقول قیمت بھی وصول کی جا سکتی ہے۔

پہلے مرحلے میں سرخ مرچ اگانے والے علاقہ گنری کے کسانوں کو یہ سہولیات مہیا کی جا رہی ہے جس میں الیکٹرانک ویر ہاؤس رسید کے عوض زرعی ترقیاتی بینک کی سوماروبرانچ (میر پور خاص زون) قرض فراہم کرے گی۔ اس سکیم کی اہم خصوصیات درج ذیل ہیں۔

۱) مقاصد	سکیم کا بنیادی مقصد کاشت کے بعد حاصل ہونے والی فصل کو زیادہ سے زیادہ محفوظ بنا کر چھوٹے کسانوں کو آئندہ فصلوں کے لیئے درکار ضروریات پورا کرنے کیلئے سرمایہ فراہم کرنا ہے۔ تا کہ وہ اپنی پیداوار کی بہتر قیمت بھی حاصل کر سکیں اور اگلی فصل کیلئے درکار سرمایہ بھی حاصل کر سکیں۔
۲) دائرہ کار	اس سکیم کا آغاز تجرباتی بنیادوں پر میر پور خاص کے علاقہ گنری سے کیا گیا ہے جو زرعی ترقیاتی بینک کی برانچ سوماروکی حدود میں واقع ہے۔ جبکہ بعد ازاں اس کا دائرہ کار پورے ملک میں پھیلا دیا جائے گا۔
۳) اہلیت	ایسے تمام کسان بھائی جن کے پاس پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج کی طرف سے جاری کردہ گودام کی رسید موجود ہوگی۔
۴) مطلوبہ دستاویزات	کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی نقل الیکٹرانک رسید گودام دو عدد تصاویر
۵) قرض کی حد	اس سکیم کے تحت قرضہ کی زیادہ سے زیادہ حد 10 لاکھ روپے تک ہے۔
۶) مدت قرضہ	90 دن سے لیکر زیادہ سے زیادہ 100 دن تک
۷) ضمانت / سکیورٹی	اس سکیم کے تحت قرضہ جات قابل قبول ضمانتوں (الیکٹرانک ویر ہاؤس رسید جو پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج کی جاری کی گئی ہو، سٹور کی گئی اجناس اور قرضدار کی ذاتی ضمانت وغیرہ) کی بنیاد پر دیئے جائیں گے۔
۸) قرضے کے اخراجات	بمطابق مروجہ بینک چارجز
۹) قرضہ کی وصولی کا جدول	اس سکیم کے تحت دیئے گئے قرضہ جات کی وصولی عرصہ اندر ایک سال یکمشت بینک کی مقرر کردہ تاریخ ۱۵ جنوری یا ۱۵ جولائی تک کی جائیگی۔
۱۰) شرح مارک اپ	بینک کے معینہ قوانین کی روشنی میں کسان دوست سکیم کے مطابق مارک اپ وصول کیا جائے گا۔
۱۱) جانچ پڑتال	قرضے کی جانچ پڑتال ماہانہ بنیادوں پر پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج کے اشتراک سے بینک کا متعلقہ برانچ مینیجر، زونل چیف اور کریڈٹ آپریشن ڈیپارٹمنٹ اور بینک ہذا کے انٹرنل آڈیٹرز کرینگے تا کہ روزمرہ کی پیش رفت اور ترقی کا جائزہ لیا جاتا رہے۔